| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'غ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ۔ وہ حرف 'غ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت /بناوٹ سے 'غ' لکھ سکیں۔'غ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'غ' کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'حروف تہجی اردو کے'نظم سنائی جائے گی۔اور'ا سے لے کر'غ' تک کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'غ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف 'غ' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔اور بچوں کو السلام علیکم کہہ کر'غ' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'غ' ہوں۔دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے اور حرف 'غ' کی آدھی شکل'غ' کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ'غ' حروف تہجی کا چھبیسواں حرف ہے ۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف غ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔اور حرف'غ' کے ذخیرہ الفاظ غلیل ، غبارہ ، غار ، غصہ ، غذا ، غلاف ، غوطہ خور اور غرارہ کے بارے میں جانیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'غ' کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے تختہ سفید/سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔جس پر بچوں کو حرف 'غ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 56 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کہا جائے گا حرف 'غ' پر انگلی پھیریے اور اُس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔حرف 'غ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔مثال کے طور پر غ۔ غلیل ۔غ غبارہ وغیرہ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ غ کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں گے اور'غ' غباروں میں رنگ بھریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 56<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف 'غ' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'غ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ۔ وہ حرف 'غ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت /بناوٹ سے 'غ' لکھ سکیں۔'غ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'غ' کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'' حرف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی بچوں کو'غ' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ،صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔ حرف 'غ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو'غ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی بچوں کو غار کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا یہ غار ہے اس کی ابتدائی آواز 'غ' ہے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ جانتے ہیں کہ شیر کہاں رہتا ہے غار کیسے بنے ہوتے ہیں کیا اُنہوں نے کبھی کوئی غار دیکھا ہے بچوں سے ہوا میں جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'غ' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ایک ڈبہ دیں جس میں 'غ' لکھا ہو۔بچوں سے کہیے کہ ڈبے میں غ سے شروع ہونے والی اشیاء کلاس میں سے ڈھونڈ کر ڈالیں۔ ان میں کچھ اشیاء کی تصاویر بھی ہو سکتی ہیں۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں غ کی آدھی شکل کے گرد دائرہ لگانا ہوگا اور پوری شکل پر پینسل پھیرنی ہوگی۔ | 20 منٹ | ڈبہ'غ' کی اشیاء اور تصاویر فلیش کارڈ | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر لکیر کھینچ کر'غ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’غ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ۔ وہ حرف ’غ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت /بناوٹ سے ’غ‘ لکھ سکیں۔’غ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف ’غ‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’غ‘ کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کے نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’غ‘ سے غصہ کے بارے میں بات کریں گے فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ کس کو بہت زیادہ غصہ آتا ہے؟ کس بات پر آتا ہے؟ اور کس کی ماما کو بہت غصہ آتا ہے اور جب ماما کو غصہ آتا ہے تو وہ کیا کرتے ہیں۔اُن سے پوچھے کہ کیا غصہ کرنا اچھی بات ہے۔اُن کو بتائیں کے غصہ کرنا بُری بات ہوتی ہے اور ہمیں ایسے کام نہیں کرنے چاہیے جس سے کسی کو غصہ آئے بچوں کو کہیے آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف ’غ‘ بنایئے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ بچوں کے گروپوں کے لیے میز پر رنگ، پانی اور چارٹ پیپر رکھ دیں۔اب اُن سے کہیے کہ اپنی انگلیاں کسی بھی کلر پینٹ میں ڈبوئیں اور حرف ’غ‘ لکھیں۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں غ سے شروع ہونے والی اشیاء میں رنگ بھریں گے اور ’غ‘ کی آدھی شکل پر پینسل پھیریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے غبارہ، غلیل، غلہ غار کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی اور پوچھا جائے گا کہ کیا وہ ’غ‘ سے کوئی اور لفظ بتا سکتے ہیں۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں غ کی آدھی شکل میں رنگ بھریں اور غ کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>رنگ پانی<br>چارٹ پیپر | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’غ‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'غ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔ وہ حرف 'غ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت /بناوٹ سے 'غ' لکھ سکیں۔'غ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'غ' کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'غ' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'غ' کے مزید الفاظ جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے غذا، غلاف ،غوطہ خور، اور غرارہ کی تصاویر دکھائی جائیں گی اور ان کے نام بتائے جائیں گے۔بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Play Dough دی جائے گی اور اُن کو کہا جائے گا کہ وہ Play Dough کی مدد سے 'غ' کی پوری اور آدھی شکل بنائیں۔بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 57 کھولنے کو کہا جائے گا۔دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔ بتایئے بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'غ' کو اس سے شروع ہونے الفاظ سے ملایئے۔ نیچے دی گئی 'غ' کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے غذا، غلاف،غوطہ خور اور غرارہ کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>Play Dough<br>کتاب صفحہ نمبر 57 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'غ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'غ' | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔ وہ حرف 'غ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت /بناوٹ سے 'غ' لکھ سکیں۔'غ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'غ' کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'غ' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو غبارہ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کس کس کو غبارے پسند ہیں اور کیا وہ غبارے کو پھلا سکتے ہیں ۔ساتھ ہی بچوں کو غلیل دکھائی جائے گی اور پوچھا جائے گا کہ کہ اُنہوں نے کبھی غلیل دیکھی یہ بچوں کو کھلونا ہوتی ہے اور نشانہ لگانے کے کام آتی ہے ۔کلاس میں غبارے لائیں بچوں کے ساتھ مل کر پھلائیں اور کلاس کو سجائیں بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'غ' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'غ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی ۔تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے'غ' کی صوتی آواز اور اِس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'غ' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>غبارے،غلیل<br>Sand<br>Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔ حرف 'غ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |